## میرے بچے کو پیدائشی CMV کس طرح سے متاثر کر سکتا ہے؟

پیدائشی CMV کے ساتھ پیدا ہونے والے بچوں کو صحت کے مسائل لاحق ہو سکتے ہیں جو پیدائش کے وقت یا ابتدائی بچپن میں نمودار ہوتے ہیں۔

پیدائشی CMV کے حامل بچے کو یہ مسئلہ پیش آ سکتا ہے:

- بہرہ پن
- چھوٹا سر ہونا
- دورے
- ترقیاتی تاخیر
- نابینا پن

## میں اپنے بچے کو پیدائشی CMV لاحق ہونے سے کیسے بچا سکتا ہوں؟

وہ خواتین/لوگ جو حاملہ ہیں یا جو حاملہ ہو سکتے ہیں انہیں خاص طور پر چھوٹے بچوں کے لعاب دہن اور پیشاب کے ساتھ رابطے سے گریز کرنا چاہیے۔

## اپنے بڑھتے ہوئے بچے کے تحفظ میں مدد کے لیے

- حاملہ والدین کو بچوں کے ڈائپر تبدیل کرنے، کھانا کھلانے اور صفائی کرنے کے بعد اپنے ہاتھ دھونے چاہئیں۔
- اپنے ہاتھ کم از کم 20 سیکنڈ تک دھوئیں یا الکحل پر مبنی ہینڈ سینیٹائزر استعمال کریں۔ اسے خشک ہونے دیں۔
- دانتوں کے برش کا اشتراک کرنے سے گریز کریں۔
- CMV جیسے جراثیم سے نجات حاصل کرنے کے لیے کھلونے اور کھانے کے برتن جیسی اشیاء کو گرم صابن والے پانی میں صاف کریں۔

## حوالہ جات

**نیویارک ریاست ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ**
**(New York State Department of Health)**
www.health.ny.gov/diseases/communicable/cytomegalovirus/fact_sheet.htm

**مرض پر کنٹرول اور روک تھام کے مراکز**
**(Centers for Disease Control and Prevention)**
www.cdc.gov/cmv

**نیویارک اسٹیٹ ارلی ہیئرنگ اینڈ ڈیٹیکشن انٹروینشن پروگرام (New York State Early Hearing and Detection Intervention Program)**
www.health.ny.gov/community/infants_children/early_intervention/newborn_hearing_screening/

پیدائشی CMV بچپن میں غیر جینیاتی بہرے پن کی سب سے بڑی وجہ ہے۔

NEW YORK STATE | Department of Health

20181 (Urdu) 04/23



# اپنے بچے کو سائیٹومیگلووائرس (CMV) سے بچائیں

لوگوں کو CMV کے بارے میں کیا معلوم ہونا چاہیے

*ان خواتین/لوگوں کے لیے جو حاملہ ہیں یا جو حاملہ ہو سکتے ہیں*

NEW YORK STATE | Department of Health

### سائیٹومیگلووائرس (cytomegalovirus, CMV) کیا ہے؟

(انگریزی تلفظ سا-ئٹو-میگ-ا-لو-وا-ئرس ہے)

CMV ایک عام وائرس ہے جو ہر عمر کے لوگوں کو متاثر کر سکتا ہے۔ CMV زیادہ تر لوگوں میں علامات کا سبب نہیں بنتا ہے۔ دیگر افراد میں فلو جیسی علامات سامنے آ سکتی ہیں، جیسا کہ بخار، گلے میں خراش، تھکاوٹ اور غدود میں سوزش۔

### CMV کیسے پھیلتا ہے؟

CMV جسمانی رطوبتوں جیسا کہ پیشاب، لعاب دہن، منی، اندام نہانی کے سیال، آنسو، چھاتی کے دودھ اور خون کے ذریعے پھیلتا ہے۔ چھوٹے بچوں کی نگہداشت کے دوران لوگ اکثر CMV سے متاثر ہو جاتے ہیں۔

### پیدائشی CMV کیا ہے؟

جب حاملہ خاتون/شخص CMV سے متاثر ہوتا ہے، تو وہ اسے اپنے زیر نشونما بچے تک پہنچا سکتا ہے۔ CMV کے ساتھ پیدا ہونے والے بچے کو پیدائشی CMV کہا جاتا ہے۔

پیدائشی CMV امریکہ میں حاملہ والدین سے بچے کو منتقل ہونے والا سب سے عام انفیکشن ہے۔ یہ نومولود بچوں میں غیر جینیاتی بہرے پن کی سب سے بڑی وجہ ہے۔

## میں کیسے جان سکتا ہوں کہ میرے بچے کو پیدائشی CMV ہے؟

اگر آپ کا بچہ پیدائش کے وقت پیدائشی CMV کی علامات ظاہر کرتا ہے، تو آپ کے بچے کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ پیدائشی CMV کا ٹیسٹ کرانے کی سفارش کر سکتا ہے۔

نیویارک میں پیدائش کے بعد تمام بچوں کی سماعت کی جانچ کی جاتی ہے۔ آپ کے ہسپتال سے جانے کے بعد، آپ کے بچے کی سماعت کا دوبارہ معائنہ کروانے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔ اگر ایسا ہے، تو آپ کے بچے کا پیدائشی CMV ٹیسٹ بھی کرایا جانا چاہیے۔

اگر آپ فکرمند ہیں کہ آپ کے بچے کو پیدائشی CMV لاحق ہو سکتا ہے، تو اپنے بچے کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں۔

بہت سے لوگ اپنی آنکھوں، ناک اور منہ کو چھو کر اپنے جسم میں CMV جیسے جراثیم داخل کر لیتے ہیں۔

پیدائشی CMV کو روکنے کے لیے ابھی تک، کوئی ویکسین موجود نہیں ہے۔

اگر آپ حاملہ ہیں یا آپ حاملہ ہونے کا ارادہ رکھتے/رکھتی ہیں، تو پیدائشی CMV کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں۔ معلوم کریں کہ آپ انفیکشن کے خطرے کو کم کرنے کے لیے کیا کر سکتے ہیں۔

**چھوٹے بچوں کے لعاب دہن یا پیشاب کو چھونے کے بعد اپنے ہاتھ صابن والے پانی سے ضرور دھو لیں یا الکحل پر مبنی ہینڈ سینیٹائزر استعمال کریں۔**

